# منںجائٹس اور سیپسس

## عام نہیں ہے لیکن سنگین ہے

چھوٹے بچے اور چلنا پھرنا سیکھنے والے بچے سب سے زیادہ ضرر پذیر ہیں کیونکہ وہ آسانی سے انفیکشن سے نہیں لڑ سکتے کیونکہ ان کا نظام مامونیت ابھی پوری طرح پروان چڑھا ہوا نہیں ہوتا ہے۔ وہ آپ کو بتا نہیں سکتے کہ وہ کیسا محسوس کرتے ہیں اور بہت تیزی سے خراب صورت اختیار کر سکتے ہیں۔ ان کی جانچ کرتے رہیں۔

**گردن توڑ بخار**
دماغ کے گرد سوجن کو کہتے ہیں۔ یہ بہت سنگین، متعدی بیماری ہے، لیکن اگر شروع ہی میں اس کا علاج کیا جائے تو زیادہ تر بچے پوری طرح صحتیاب ہوجاتے ہیں۔

**سیپسس**
(جسے اکثر سیپٹیسیمیا یا بلڈ پوائزننگ کہا جاتا ہے) ایک جان لیوا عارضہ ہے جس کا محرک کوئی انفیکشن ہوتا ہے۔ جلد میں پن سے کی ہوئی جیسی خراشیں یا ارغوانی رنگ کی بڑے حصے بھی ہو سکتے ہیں، جن کا رنگ اس وقت نہیں بدلتا ہے جب آپ ان پر کانچ کا گلاس پھیرتے ہیں۔ یہ مننگوکوکل سیپٹیسیمیا کی ایک عام علامت ہے، جو بلڈ پوائزننگ کی ایک ایسی قسم ہے جو مننگوکوکس بیکٹیریا کی وجہ سے ہوتی ہے، جو منںجائٹس (گردن توڑ بخار) کا بھی سبب بن سکتی ہے۔

**آپ کو چاہئے کہ گردن توڑ بخار یا خون کے شدید جراثیمی انفیکشن کے کسی بھی مشتبہ معاملہ کو ایمرجنسی کے طور پر لیں۔**

ابتدائی علامات زکام یا فلو ہونے کی طرح ہوسکتی ہیں۔ مننگوکوکل سیپٹیسیمیا والے بچے بہت تیزی سے سنگین طور پر بیمار ہوسکتے ہیں، اس لئے یقینی بنائیں کہ آپ علامات کی شناخت کرسکیں۔ آپ کے بچہ کے جسم پر سرخ یا ارغوانی رنگ کے داغوں کے مجموعے پائے جا سکتے ہیں۔ گلاس جانچ کریں۔ زیادہ گاڑھے رنگ کی جلد پر اس چکتے کو دیکھنا زیادہ مشکل ہوسکتا ہے، اس لئے اپنے چھوٹے یا بڑے بچہ کے پورے جسم پر داغوں کی جانچ کریں کیونکہ یہ کہیں بھی شروع ہوسکتے ہیں (پہلے ہلکے رنگ والی جگہوں کی جانچ کریں)۔ **تاہم، چکتے ہر وقت نہیں پائے جاتے ہیں - تمام نشانیوں/علامات سے آگاہ رہیں۔**

**بخار اور مذکورہ بالا میں درج کردہ کسی بھی دیگر علامت کی موجودگی کو انتہائی سنجیدگی سے لینا چاہئے۔ درج کردہ تمام علامات تمام بچوں میں نہیں نظر آئیں گی۔**

**جی پی کہتے ہیں**

اگر درج ذیل میں سے کوئی بھی علامت پائی جاتی ہے تو ڈاکٹر سے رابطہ کریں۔

- بخار، ٹھنڈے ہاتھ اور پیر
- اونگھتا ہوا اور جگانا مشکل ہو
- جلدی جلدی سانس لینا یا کراہنا
- ڈھیلا ڈھالا اور ردعمل نہ ظاہر کرنے والا
- داغ/چکتے۔ گلاس جانچ کریں۔
- چڑچڑا، سنبھالے جانے کو ناپسند کرتا ہے
- غیرمعمولی طور پر رونا یا کراہنا

**گلاس جانچ**

اگر آپ شفاف گلاس کے سائیڈ کو جلد کے سامنے مضبوطی سے دبائیں اور چکتہ بے رنگ نہ ہو تو، یہ مننگوکوکل سیپٹیسیمیا کی نشانی ہے۔



اس مثال میں گلاس سے ہوکر داغ ابھی بھی نظر آتے ہیں۔ اسے **نان-بلینچنگ چکتہ** کہتے ہیں - یہ دھندلا نہیں پڑتا ہے۔ کسی ڈاکٹر (مثلا اپنی خود کی سرجری یا واک-ان/مرکز برائے فوری نگہداشت) سے فورا رابطہ کریں۔ اگر آپ کو فوری طور پر مدد نہیں مل سکتی تو **A&E جائیں**۔



اس مثال میں گلاس کے نیچے داغ قریب قریب غائب ہو چکے ہیں۔ اس کا امکان نہیں ہے کہ یہ کوئی سنگین مسئلہ ہے لیکن اگر آپ ابھی بھی فکرمند ہیں تو **NHS 111** پر کال کریں، اپنے جی پی سے رابطہ کریں، یا **A&E جائیں**۔

یہاں سے مزید جانکاری حاصل کریں www.meningitisnow.org